**05.02.2025**

**21.15 Hrs**

## HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں آفتاب احمد

**Music**

.........................................................................

- ☆ دلّی اسمبلی انتخابات میں تقریباً 58 فیصد، پولنگ ریکارڈ کی گئی ہے۔ ووٹوں کی گنتی ہفتے کو ہوگی۔
- ☆ اترپردیش کے مِلکی پور حلقے اور تمل ناڈو کے Eorde East میں بھی ضمنی انتخابات پُرامن طور پر مکمل ہوئے۔
- ☆ اطلاعات و نشریات کے وزیر اشونی ویشنو نے پورے AI Stack بنانے کے عمل پر OpenAI کے CEO سَیم آلٹ مین کے ساتھ تبادلۂ خیال کیا ہے۔
- ☆ اسماعیلی فرقے کے مسلمانوں کے روحانی پیشوا آغا خان چہارم کا پرتگال میں انتقال ہوگیا ہے۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے تعزیت کا اظہار کیا ہے۔
- ☆ ٹیبل ٹینس میں Manav Thakkar اور Manush شاہ، سنگاپور Smash-25 میں مردوں کے ڈبلز کے کوارٹر فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔
- ☆ اور...... قومی کھیلوں میں ہریانہ کی سُروچی نے خواتین کے 10 میٹر ایئر پسٹل مقابلے میں سونے کا تمغہ حاصل کیا ہے۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے

**VOTERs TURNOUT**

70 رکنی دلی اسمبلی کیلئے ووٹنگ آج پرامن طور پر ختم ہوگئی۔ شام پانچ بجے تک تقریبا 58 فیصد ووٹ ڈالے گئے ہیں۔ سب سے زیادہ ووٹنگ کا فیصد شمال مشرقی دلی ضلع میں رہا جو تقریبا 64 فیصد تھا جبکہ جنوبی مشرقی ضلع میں سب سے کم ووٹنگ کا تناسب تقریبا 54 فیصد رہا۔ شاہدرہ ضلع میں 61 فیصد سے زیادہ ووٹنگ ریکارڈ کی گئی۔ شمالی دلی میں تقریبا 58 فیصد ووٹ ڈالے گئے جبکہ شمال مغربی دلی میں یہ58 فیصد سے زیادہ رہی۔ آج ای وی ایمز میں جن سرکردہ لیڈروں کی قسمت قید ہوئی ہے، ان میں عام آدمی پارٹی کے اروند کیجریوال، آتشی، منیش سسودیا اور بی جے پی کے پرویش ورما، وجیندر گپتا،اروند سنگھ لولی اور رمیش بدھوڑی شامل ہیں۔ کانگریس کی جانب سے دویندر یادو، سندیپ دکشت اور الکالامبا اس انتخابات میں سرکردہ چہرے ہیں۔ انتخابی کمیشن نے قومی راجدھانی میں آزادانہ اور شفاف انتخابات

کو یقینی بنانے کیلئے مناسب سکیورٹی کے انتظامات کئے تھے۔ بلارکاوٹ ووٹنگ کو یقینی بنانے کیلئے پولنگ بوتھوں پر بہت سے انتظامات کئے گئے اور سہولیات فراہم کی گئیں۔ ووٹوں کی گنتی سنیچر کے روز ہوگی۔ اِسی دوران آج تمل ناڈو کی Erode-East اسمبلی سیٹ اور اترپردیش میں مِلکی پور سیٹ پر ضمنی انتخاب بھی ہوئے۔ پانچ بجے تک Erode-East کی سیٹ پر 64 اعشاریہ صفر دو اور ملکی پور میں تقریباً 65 اعشاریہ دو پانچ فیصد ووٹنگ ریکارڈ کی گئی۔ X

## UP by Election

ایودھیا کے مِلکی پور اسمبلی حلقے کیلئے بھی آج ضمنی انتخابات، کامیابی کے ساتھ مکمل ہوئے۔ شام 5 بجے تک 65 اعشاریہ دو-پانچ فیصد ووٹروں نے اپنے حق رائے دہی کا استعمال کیا۔ اِس انتخاب میں BJP کے چندر بھانو پاسوان، سماجوادی پارٹی کے اجیت پرساد اور آزاد سماج پارٹی کے سنتوش کمار سمیت 10 امیدوار میدان میں ہیں۔ آزادانہ، شفاف اور پُرامن انتخابات کرانے کیلئے سکیورٹی کے سخت انتظامات کیے گئے تھے۔ 210 پولنگ مراکز کی ویب کاسٹنگ اور 25 پولنگ مراکز کی ویڈیو گرافی کی گئی۔ اِس کے ساتھ ساتھ 71 پولنگ مراکز پر مائیکرو مشاہدین بھی تعینات کیے گئے تھے۔ سماجوادی پارٹی کے لیڈر اودھیش پرساد کی 2024 لوک سبھا انتخابات میں فیض آباد سے جیت کے بعد مِلکی پور اسمبلی حلقے میں ضمنی انتخابات ہوئے ہیں۔x

## Vaishnav Open AI CEO

اطلاعات و نشریات کے وزیر اشونی ویشنو نے آج نئی دلّی میں OpenAI کے CEO، سیم Altman سے ملاقات کی۔جناب ویشنو نے بتایا کہ وزیر اعظم نریندر مودی نے اُنھیں ٹکنالوجی کو جمہوری طرز پر ڈھالنے میں رہنمائی کی ہے اور جناب Altman نے وزیر اعظم کے نظریے کی ستائش کی ہے۔ جناب ویشنو نے مزید کہا کہ انھوں نے OpenAI کے CEO کے ساتھ انتہائی خوشگوار ماحول میں بات چیت کی ہے۔ جناب ویشنو کے مطابق ملاقات کے دوران پورے AI نظام جیسے GPU، ماڈل اور ایپ بنانے پر تبادلۂ خیال کیا گیا، جس میں OpenAI، تینوں شعبوں میں اشتراک کیلئے تیار ہے۔ x

## REV TRIPURA AMIT SHAH EMPLOYMENT

وزیر داخلہ امت شاہ نے زور دے کر کہا کہ مکمل شمال مشرقی خطہ، وزیراعظم نریندرمودی کی قیادت میں ترقی کی راہ پر گامزن ہے۔ وہ ویڈیو کانفرنس کے ذریعہ تریپورہ سرکار میں دو ہزار 800 سے زیادہ تقرری کے خطوط کی تقسیم کے پروگرام سے خطاب کررہے تھے۔ انہوں نے اجاگر کیا کہ تریپورہ کی سرکار بناکسی تفریق، سفارش یا بدعنوانی کے، مکمل شفافیت کے ساتھ نوکریاں فراہم کررہی ہیں۔ وزیرداخلہ نے اس بات کو اجاگر کیا کہ پچھلے دس سالوں میں نریندرمودی کی حکومت نے ریاست میں امن قائم کرنے کیلئے تریپورہ میں تین سمجھوتے کئے ہیں۔

AMIT SHAH NE MOMENTUM

وزیر داخلہ نے کہا کہ نریندرمودی حکومت کی پالیسیوں نے زمینی طور پر محدود ریاست کو زمینی طور پر منسلک ریاست میں تبدیل کردیا ہے۔

AMIT SHAH LAND LINKED STATES

**PM AGHA KHAN**

وزیراعظم نریندرمودی نے لاکھوں اسمٰعیلی فرقے کے مسلمانوں کے امام پرنس کریم آغا خان چہارم کے انتقال پر رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ سوشل میڈیا کے ایک پوسٹ میں جناب مودی نے کہا کہ پرنس آغا خان ایک ایسے دوراندیش شخص تھے جنہوں نے اپنی زندگی خدمات اور روحانیت کیلئے وقف کردی تھی۔ وزیراعظم نے مزید کہا کہ صحت، تعلیم، دیہی ترقی اور خواتین کو بااختیار بنانے جیسے شعبوں میں پرنس کریم آغا خان چہارم کی خدمات لوگوں کو تحریک دیتی رہے گی۔ جناب مودی نے کہا کہ آغا خان کے ساتھ اپنی ملاقات کو وہ ہمیشہ یاد رکھیں گے۔ وزیراعظم نے اُن کے خاندان کے افراد اور دنیا بھر میں لاکھوں معتقدین اور ان کے چاہنے والوں کے ساتھ دلی اظہارتعزیت کا اظہار بھی کیا۔ X

**PM-Mahakumbh**

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج پریاگ راج میں جاری مہاکمبھ میں ترِی وینی سنگم میں پوِتر ڈبکی لگائی۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب مودی نے کہا کہ سنگم میں اشنان ایک روحانی احساس کا لمحہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ سنگم میں پَوتر ڈبکی لگانے والے کروڑوں افراد کی طرح وہ بھی عقیدت کے جذبے سے پوری طرح سرشار ہوئے۔ جناب مودی نے تمنا کی کہ ماں گنگا سبھی ہم وطنوں کو امن، خوشحالی، فراست، اچھی صحت اور بھائی چارے کا آشیرواد دے۔

مرکزی وزیر کرن رجیجو نے بھی پریاگ راج کے مہاکمبھ میں آج صبح پوتر ڈبکی لگائی۔ ابھی تک تری وینی سنگم میں 39 کروڑ سے زیادہ عقیدت مند ڈبکی لگا چکے ہیں۔ ×

**Mahakumbh Lost and Found Centre**

پریاگ راج کے مہا کمبھ میں قائم ڈیجیٹل Lost and Found مراکز، ہزاروں عقیدتمندوں اور خاص طور پر خواتین اور بچوں کو اُن کے اہل خانہ کے پاس بھیجنے کا کام کر رہے ہیں۔ ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ میلہ علاقے میں 10 ڈیجیٹل Lost and Found مراکز قائم کیے گئے ہیں تاکہ گم شدہ عقیدتمندوں کو اُن کے اہل خانہ سے ملایا جاسکے۔ 13 ہزار سے زیادہ لوگوں کو کامیابی کے ساتھ اُن کے کنبے کے حوالے کیا گیا ہے، جس میں 64 فیصد خواتین ہیں۔

ڈیجیٹل Lost and Found مراکز کو جدید ترین کو سہولتوں جیسے مصنوعی ذہانت پر مبنی چہرے کی پہچان کے نظام، مشین لرننگ اور کثیر لسانی مدد سے لیس کیا گیا ہے۔

آکاشوانی نیوز سے بات کرتے ہوئے ایک خاتون کانسٹیبل نے بتایا کہ اپنے گھر والوں سے بچھڑ گئے مرد، خواتین اور بچوں کو الگ الگ ٹھہرانے کیلئے ہولڈ رومز بنائے گئے ہیں۔ انھوں نے بتایا کہ اِن افراد کی نفسیاتی کاؤنسلنگ بھی کی جا رہی ہے۔

Byte: Sapna Sharma

ہولڈنگ رومز کے علاوہ اِن مراکز میں ٹھہرے ہوئے لوگوں کو ہر طرح کی آسانی کیلئے خوراک، طبی امداد، بیت الخلاء اور دیگر سہولتیں بھی فراہم کی جا رہی ہیں۔

اِن ڈیجیٹل کھویا-پایا مراکز کے کام کاج میں اترپردیش پولیس، انتظامی افسران اور مختلف غیر سرکاری تنظیموں سمیت یونیسیف بھی سرگرمی کے ساتھ کام کر رہی ہے۔

## JYOTIRADITYA SCINDIA

شہری ہوابازی اور شمال مشرقی ترقی کے مرکزی وزیر جیوتی رادتیہ سندھیا نے کہا ہے کہ شمال مشرقی ریاستیں حکومت کیلئے ایک ترجیح بن گئی ہیں کیونکہ 65 برسوں میں پہلی مرتبہ، گزشتہ دس برسوں کے دوران ریل، سڑک اور فضائی خدمات کو جدید بنایا گیا ہے اور اُن میں اضافہ کیا گیا ہے۔ آج چنئی میں روڈشو کا افتتاح کرنے کے بعد اپنی تقریر میں وزیرموصوف نے واضح کیا کہ اگلی دہائی میں، شمال مشرقی ریاستیں تبدیلی کے ایک سفر سے گزریں گی جس سے پوری دنیا کیلئے تیز رفتار ترقی پذیر ایکونظام فراہم ہوگا۔ وزیرموصوف نے کہا کہ مرکزی حکومت نے خطے میں اقتصادی مواقع میں اضافہ کرنے کیلئے بہت سے پروجیکٹ تیار کئے ہیں۔ X

## PIB Fact Check

PIB کے فیکٹ چیک یونٹ نے آج کہا کہ یہ دعویٰ جھوٹا ہے کہ امریکہ سے واپس بھیجے گئے بھارتی مائیگرینٹس کے ہاتھ اور پیر چینوں سے بندھے ہوئے تھے۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ میں PIB کے فیکٹ چیک نے کہا کہ بہت سے اکاؤنٹس کے ذریعے اِس دعوے کے ساتھ سوشل میڈیا پر ایک جھوٹی تصویر شیئر کی جا رہی ہے کہ غیر قانونی بھارتی مائیگرینٹس کے ہاتھوں اور پیروں کو اُنہیں واپس بھیجتے وقت چینوں سے باندھا گیا تھا۔ اس نے کہا کہ اِن پوسٹوں میں جو تصویر دکھائی گئی ہے، وہ اُن افراد کی ہے، جنہیں گوٹے مالا واپس بھیجا گیا ہے۔x

## Greece FM Visit

یونان کے وزیر خارجہ جارج Geraptritis، اپنے چار روزہ دورے پر آج نئی دلّی پہنچے۔ اپنے دورے کے دوران جناب Geraptritis، وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر سے ملاقات کریں گے۔ اُن کے اِس دورے سے بھارت اور یونان کے تعلقات مستحکم ہوں گے اور دونوں ممالک کے درمیان بڑھتی ہوئی اسٹریٹجک شراکت داری کو مزید تقویت ملے گی۔ x

## Singapore World cup

سنگاپور Smash ورلڈ کپ میں بھارت کے Manush شاہ اور Manav Thakkar پری کوارٹر فائنلز میں ہانگ کانگ کے Wang-Chung-Ting اور Yi-Kwan-To کو تین-صفر سے ہراکر کامیابی کے ساتھ مردوں کے ڈبلز کے کوارٹر فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔ البتہ مکسڈ ڈبلز کے زمرے میں Manush شاہ اور Diya Chitale کو سخت مقابلے کا سامنا کرنا پڑا اور وہ کوارٹر فائنلز میں ایک-صفر کے اسکور سے ہار گئے۔

Yashawini Ghorpade اور آسٹریلیا کی Ji-Min-Hyung کی خواتین کی ڈبلز کی جوڑی کو بھی ناامیدی کا سامنا کرنا پڑا کیونکہ وہ پری کوارٹر فائنلز میں ہار گئی۔

## Uttarakhand National Games

38 ویں قومی کھیلوں میں مقابلہ آرائی، ہر گزرتے دن کے دلچسپ ہوتی جا رہی ہے۔ ملک بھر کے کھلاڑی عمدہ کارکردگی کا مظاہرہ کر رہے ہیں اور نئے ریکارڈ بنا رہے ہیں۔ آج Rowing، شوٹنگ، فٹبال اور Lawn Ball سمیت کئی کھیلوں میں دلچسپ مقابلے ہوئے۔ کچھ ریاستیں تمغوں کی فہرست میں اپنا دبدبہ جاری رکھی ہوئی ہیں اور قومی اسٹیج پر نئے کھلاڑی بھی ابھر کر سامنے آرہے ہیں۔ ہریانہ کی سُروچی نے خواتین کے 10 میٹر ایئر پسٹل مقابلے میں

245 اعشاریہ 7 پوائنٹ حاصل کرکے سونے کا تمغہ حاصل کیا ہے۔

VC- Sakshi Singh

Rowing میں سروسز اور مدھیہ پردیش کے کھلاڑیوں نے عمدہ کارکردگی کا مظاہرہ کیا اور مردوں کے ڈبلز sculls میں سونے کا تمغہ حاصل کیا۔ اسی دوران مدھیہ پردیش کی خواتین ٹیم نے quadruple sculls مقابلے میں سونے کا تمغہ حاصل کیا۔

شوٹنگ مقابلوں میں بھی زبردست مقابلہ آرائی ہوئی۔ خواتین کے 10 میٹر ایئر پسٹل مقابلے میں ہریانہ نے اپنا دبدبہ برقرار رکھتے ہوئے سونے اور چاندی کا تمغہ حاصل کرکے اپنا سرفہرست پوزیشن برقرار رکھا۔

**Trump Condemnation**

مصر، اردن اور سعودی عرب جیسے ملکوں سے علاقائی لیڈروں کے ساتھ فلسطینی لیڈروں نے امریکہ کے ذریعے ''غزہ پٹّی'' کا انتظام سنبھالنے کی امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی حالیہ تجویز کو مسترد کر دیا ہے اور اِسے فلسطینیوں کے حقوق اور بین الاقوامی قوانین کی خلاف ورزی قرار دیا ہے۔ فلسطین کے صدر محمود عباس نے زور دے کر کہا کہ فلسطینیوں کے قانونی حقوق پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جاسکتا اور یہ کہ یہ تجویز بین الاقوامی قانون کی سنگین خلاف ورزی ہوگی۔ یہ بات غزہ میں جنگ بندی کے آغاز کے دو ہفتے بعد سامنے آئی ہے، جس کے دوران حماس نے اسرائیلی جیلوں میں فلسطینی قیدیوں کے تبادلے میں کچھ اسرائیلی یرغمالیوں کو آزاد کیا ہے۔ اِس سے قبل جناب ٹرمپ کی یہ تجویز دی تھی کہ امریکہ غزہ پٹّی کا انتظام سنبھالے گا اور فلسطین کے باشندوں کو دوسری جگہ بسایا جائے۔x

☆☆☆☆☆